مسافر جو بھولے سے آ جاتا تھا
مسافر بھلا یاں پہ کیسے رہے
یہاں نان بائی نہ تھا نہ تنوری
جو روٹی کا پھر وہ طلب گار ہوتا
تو روٹی میسر نہ یکساں کھاتا
نہ ملتا سستا سودا جو درکار ہوتا

جو بڑھتے ہوئے شہر سا ہو گیا
صبح و شام ہے ہم کو جتلا رہی
تو نازاں ہوا اس کی کس حال پر
نہ اک حال پہ چین آئے ایسے
جو پہلے سے ہو مختلف سر بسر
جو قصبے کی حالت تھی وہ کھول دو
ترقی و شہرت سے گم نام تھا
تھے ٹاپوں میں چڑھتے بھلے آدمی
تو بے جرم کو تب تھی جان لو
وہی ریل آنے سے بنا یا حضر
وہ بھٹکا ہوا ہوش کھو جاتا تھا
کہ کھانے کو جب کہ نہ روٹی ملے
تھی بھوکے کو یا وہ آتی نانی ضروری
حوالات میں جا گرفتار رہتا
نہیں بھوک سے اپنی کو گڑگڑاتا
فقط یہ تو کہنے کا بازار ہوتا

نہ ہوتی تھی سبزی کوئی اس جگہ پر
جگہ دوسری ہے بکے سبزی آکر
خدا کی قسم میں نے سچ سچ کہا ہے
نہ تعلیم کا کوئی چرچہ تھا یاں پہ
فقط فارسی کا مڈل ایک ہوتا!
مگر آج تعلیمی بازار دیکھو!
عمارات عالی و سیع شان دیکھو
ہر اک قوم نے کھولے اسکول اپنے
اشاعت مذاہب ہیں یاں پادری بھی
سوا ان کے دیگر مذاہب جو یاں ہیں
نہیں انجمن گر تو مسلم کی یاں پر
ہے جو بار کار خود غرض بندے
ہے صد آفریں اس اکیلے بشر کے
منگایا سٹاف ایسا جامع و اکمل
عمارت کی رفعت پہ جو نظر جائے
سٹاف اور عمارت گر آب پا کر
ترقی ہوتی ہر جماعت کو ایسی
پڑھیں سات سو جبکہ ہائی میں لڑکے
جو اس کم سنی میں پھلا خوب پھولا
دعا ہے کہ کالج کو فی الفور دیکھیں
کمیٹی کی خوبی کے صد آفریں ہے

تھی بنجر زمین اور ریت بر بر
بکے ہنگی تھی اور باسی سراسر
جو گذرے تھی اس وقت کم ہی کہا ہے
نہ اخبار کا ملتا پرچہ تھا یاں پر
یہ سارے علاقہ کا کیا گنج دھوتا
ہیں تین ہائی اسکول تیار دیکھو!
خدا کی خدائی کے فرمان دیکھو
برابر ہیں سب کامیابی سے چلتے
لگے کوششوں میں ہیں دن رات اپنی
وہ میدان مذہب میں سب کامراں ہیں
نہ کیوں سب کو افسوس ہو اس کا شکر
تو حق نے بھی پھیرے صفائی کے رندے
کہ ہر کام سے جس کے اک نور برسے
نظر ایسی نزدیک ملنی ہے مشکل
خدا کی خدائی وہیں یاد آئے۔
اُمڈ آئے بس والدین لے لا کر
کہ سیکشن بنے کئی جماعت کے دو دو
تو کالج بنانے میں کیا در لگے
تو کالج کی حالت میں جھولیگا جھولا
دلی آرزو پوری اس طور دیکھیں
جو ہو قدر شناس عاقل دور بیں ہے



THE STAFF OF GANPATI PRESS MOGA.

(1) Chet Ram (2) Rishi Ram (3) Shbir Husain (4) Rulia Ram (5) Dayal Chand (6) Pt. Tilak Ram ji Vaidya (7) Pt. Sant Ram ji Ved Ratten Propritor (8) Pt. Ram Partap ji Shastri Manager (9) Pt. Lekh Ram Sharma (10) Mello.

پشاور ملتان کے اشتہار کا ہے
سبق کاش ان سے کوئی آ کے سیکھے
سوا اس کے دو نارمل یاں کھلے ہیں
زنانہ مردانہ بھی ہیں پانچ یاں پر
مڈل اینگلو ونک تو ہیں تین چلتے
یہ چھوٹے سے قصبے کیا کی ترقی
کھلی ہے جہاں آریہ پاٹھ شالا
پڑھیں لڑکیاں سیکھیں گانا بجانا
دگر گنتی پر بس یاں اک کھلا ہے
جہاں اردو ہندی بھی اور فارسی بھی
یہ سب کام ہوتا ہے لیکچو کا اعلے
جو ٹائپ کا ہے کام انگریزی اس جا
ہے شرط آزمائش ضرور آزماؤ
علاوہ ازیں کئی مطبع ہیں یہاں پر
چھپائی یہاں تک ہوئی سستی آ کر
ترقی ہوئی ایسی علم و ہنر کی
تجارت کی منڈی ہے مشہور ہوگا
مجھے یاد ہے سیر الائن سے ہوگا
تجارت نے پلٹی ہے کایا اسی کی
یاں اجناس مل سکتی ہر قسم کی ہے
ترقی ہوئی حق کو منظور جب سے

کھلا ہے چمن جو کہ گلزار سا ہے
ان اعلیٰ نتائج کو کر غور دیکھے
جو مخصوص استادوں کے ہی ہنر میں
جو لیتے نتائج میں ہیں خوب بڑھ کر
پرائمر تک وہ ہیں تعلیم دیتے
جو چھپائی یوں مسلم کی تار سبق
وہاں تک پڑھتے سے ہی ہیں کا بالا
بھی سینا پرونا ہیں سیکھ واتا
چھپائی کا واں کام عمدہ ہوا ہے
جیسے سنسکرت عربی اور گورمکھی بھی
نئے کام پھر وقت پر دیکھ لے
وہ سونے پہ ہے کس [illegible]
کہ کم خرچ میں اپنے گھر کام [illegible]
جو دن رات چلتی ہیں [illegible]
کہ [illegible]
تجارت زراعت [illegible]
خدا کی نظر میں [illegible]
بدولت [illegible]
بہر [illegible]
جو قیمت [illegible]
تو [illegible]



THE STAFF OF GANPATI PRESS MOGA

(1) Chet Ram (2) Kishi Ram (3) Shbir Husain (4) Rulia Ram (5) Dayal Chand (6) Pt. Tilak Ram ji Vaidya (7) Pt. Sant Ram ji Ved Ratten Propritor (8) Pt. Ram Partap ji Shastri Manager (9) Pt. Lekh

یہ شمر ملتان کے ایثار کا ہے
سبق کاش ان سے کوئی آکے سیکھے
سوا اس کے دو نارمل یاں کھلے ہیں
زنانہ نارمل بھی ہیں پانچ یاں پر
مڈل اینگلو تک تو ہیں تین چلتے
یہ چھوٹے سے قصبے نے کیا کی ترقی
کھلی ہے جہاں آریہ پاٹھ شالا
پڑھیں لڑکیاں سیکھیں گانا بجانا
وگر گنتی پر بس یہاں اک کھٹکا ہے
جہاں اردو ہندی بھی اور فارسی بھی
یہ سب کام ہوتا ہے لیجھو کا اعلے
جو ٹائپ کا ہے کام انگریزی اس جا
ہے شرط آزمائش ضرور آزماؤ
علاوہ ازیں کئی ملیں ہیں یہاں پر
پیائی یہاں تک ہوئی سستی آکر
ترقی ہوئی ایسی علم و ہنر کی
تجارت کی منڈی ہے مشہور ہوگا
سبھی جانتے ہیں ہیرا لائن ہے ہوگا
تجارت نے پلٹی ہے کایا اسی کی
یہاں اجناس مل سکتی ہر قسم کی ہے
ترقی ہوئی حق کو منظور جب سے

کھلا یہ چمن جو کہ گلزار سا ہے
ان اعلےٰ نتائج کو کر غور دیکھے
جو مخصوص استادوں کے ہی نئے ہیں
جو اپنے نتائج میں ہیں خوب بڑھ کر
پرائمر تک دو ہیں تعلیم دیتے
جو پھیلائی یوں علم کی تار برقی
وہاں نیک پرنسپل سے ہی اس کا پالا
بھی سینا پرونا نہیں سیکھ دانا
چھپائی کا واں کام عمدہ ہوا ہے
چھپے سنسکرت عربی اور گورمکھی بھی
ملے کام پھر وقت پر لامحالہ
وہ سونے پہ ہے بس سہاگہ ہی دیتا
کہ کم خرچ میں اپنے گھر کام پاؤ
جو دن رات چلتی ہیں یکساں برابر
کہ تین آنہ میں آٹا پستا ہے من بھر
تجارت زراعت کی ہر پیشہ ور کی
خدا کی نظر میں ہے۔ منظور ہوگا
بدولت تجارت رسائش ہے ہوگا
جو بڑھتی ہے دن رات بس چوگنی ہی
جو قیمت میں کم خرچ بالانشیں ہے
تو سوگا میں قابل ہی اشخاص بھیجے

مبارک قدم ڈاکٹر ایسا آیا
ہیں گرچہ اک طرف زندہ ولی کے
ہے بخشش میں حاتم سے مشہور بڑھکر
غنی اور تونگر جو دل شاد رکھے
بڑے خوش مزاج اور بڑے نیکوکاری
ہے لبریز جب سے بڑا چرچا پایا
مسیحا یہاں آنکھ کے حق میں آیا
مریضوں کی حالت کو دل دیکے سننا
اور ان پرستوں میں وقت اتنا دینا
یہ بیمار انتہا کی ہے تجھ پہ عنایت
خدا ہی اجر تیری نیت کا دے گا
اگر خلق کابل تجھے جانتی ہے
رہیگی تیری نیک نامی ابد تک
اسے چھوڑ اس جا کہ اتنا ہے کافی
بجز ہاسپٹل دواخانے دیسی
دواخانے ایسے اگرچہ ہیں اکثر
یہ اوشدھالیہ ایک بس یاد رکھنا
خدا اس کے مالک کو خوشحال رکھے
نہ کچھ لالچی نہ تعصب ذرا ہے
وہ دردوں کا دردی مریضوں کا والی
وہ غمخوار کیسا تھا غم کھانے والا

ہوا دن بدن ان سے ہوگا سوایا
تو تنیا صن بھی غیر کہتے ہیں اپنے
بڑا چھوٹا احسان سے مشکور رہ کر
تو غربا کی ہر حال امداد رکھے
بڑے ملنساری بڑی انکساری
دعاگو صبح شام اپنا پرایا
یہ لاریب کہتی ہے خلق خدایا
ویسے نواؤں کو بیتاب کہنا
کہ کھایا نہ کھانے کا دھیان تک بھی رکھنا
رہے ظل رحمت کی تجھ پہ حمایت
مرادوں سے دامن تیرا رہ بھر لیگا
تو سرکار اس سے سوا جانتی ہے
تیرے گیت گائیں گے عامی ابد تک
مجھے اور بھی بہت لکھنا ہے باقی
یہاں ہیں دوائیاں بھی نایاب بنتی
طوالت ہیں جن کے بیان سی سراسر
دوائیاں ہیں مشہور اس کی پرکھنا
جو پبلک کی سیوا کو اک نظر دیکھے
مجھے پوچھ سینے جو اس کے بھرا ہے
طبیعت ہے جس کی جہاں سے نرالی
بڑی شانتی سے ہے سمجھانے والا

شمار ہوتا ہے وہ بڑا لیکچراری
نہ بھائی مگر آپ کو لیکچراری
دیا حق نے ہے تیری ہمت کا یہ پھل
مریضوں کا انبوہ بیٹھا ہے آگے
دوائیاں ہیں موجود ہر مرض کی یاں
منگا کر وہ تفصیل کچھ آزمانا
مرا کہنا اس وقت اچھا لگے گا
تجھے طول دینا نہیں راقم اچھا
سبھی جانتے ہیں نہ مخفی کسی سے
وہ ہے آدمی منتظم ہوش والا
یہ سب کچھ ہے لیکن ہے افسوس کیا
ہے میونسپل کمیٹی سے امید بھاری
توجہ کرے ادھر در بادنی سے
دوئم حلقے حلقے میں ٹٹی بنا دے
سوئم باغ تفریح طبع کو لگائے
چہارم ہے نالہ گرد و نواح بیں!
ہے رائے بہادر سے امید پوری
کمیٹی کو توفیق دے تو خدایا!
خدایا یہ پورا مرا مدعا ہو!
مقامی جو افسر ہمارے یہاں ہیں
دعا ہے یہ باقر تیری پنج گانہ

طبیعت میں کوٹی ہے تیزی طراری
کہ تھا ورد دل میں مریضوں کا بھاری
لگی رہتی ہے گرد ہر وقت محفل
دوا لیتے جاتے ہیں سب سن سنا کے
کہ تفصیل ان سے بلکہ چھپی ہاں
کہ کیسی دوائیاں ہیں نکلی بتانا
کہ کم خرچ میں فائدہ حسب طلبہ کا
کسے ہے سنت رام وید موگا میں دانا
بھلا فائدہ کیا ہے درد سری سے
مبدل متانت کرے جوش اپنا
ٹاؤن ہال اب تک رہا بنتا بنتا
رفاہ عام کی اس میں طاقت ہے ساری
وہ پیسے کو اب مثل پانی بہا دے
ہاں اس گند سے اب تو موگا بچائے
کمیٹی کا جو نام روشن بنائے
نگیں چار موگا کو پھر چاند دیکھیں
کہ موگا بنا دیں گے بقعۂ نوری!
کہ بیڑا رفاہ عام کا اس اٹھایا!
اسے ہندو مسلم ایک سا سمجھتا ہو!
بڑے نیک دل اور بڑے مہرباں ہیں
کہ حاکم ہوں سایہ فگن عادلانہ

آتشک اور سوزاک کی مجرب ادویات

(علاج شرطیہ کیا جاتا ہے)

ان نامراد امراض کے چنگل میں پھنسے ہوئے طرح بطرح کی روحانی اور جسمانی تکالیف اٹھا رہے۔ مہذب اشخاص کی نظروں میں قابل نفرت لوگوں کو ڈنکہ کی چوٹ سے اطلاع دی جاتی ہے۔ کہ میں نے نہایت جانفشانی سے ان ہر دو امراض کے رفع کرنے کے لئے مکمل نسخے طیار کئے ہیں۔ ان نسخوں میں کوئی زہریلی چیز کا جزو نہیں ہوتا ہزاروں آدمیوں پر ان کا استعمال کیا گیا ہے۔ جن کی صحتیابی کے سارٹیفکیٹ میرے پاس موجود ہیں کبھی بھی یہ دوائیں ضایع نہیں جاتیں۔ اپنا پورا اثر جلد سے جلد دکھلاتی ہیں۔ اگر کسی بھائی کو ضرورت ہو تو مندرجہ ذیل پتہ پر بذریعہ خط و کتابت یا خود آ کر دریافت کر لے۔

قیمت آتشک کی دوائی چودہ خوراک دو روپیہ آٹھ آنہ ۲/۸
قیمت سوزاک کی دوائی بارہ خوراک تین روپے ۳

نوٹ ۱ دونوں بیماریاں صرف اتنی خوراکوں سے رفع ہو جاتی ہیں۔

نوٹ ۲ ڈاکخرچ و پیکنگ خرچ بذمہ خریدار ہوگا۔ مفصل ترکیب استعمال کا پرچہ ساتھ بھیجا جاوے گا۔

المشتہر

مہنت بھان داس سادھو وید نزدیک سرائے صوواں برلب سڑک موگا ضلع فیروزپور

سنجیونی اوشدھالیہ موگا کی چند ایک مجرب اور پُر اثر ادویات میں سے
پنڈت آتما رام جی وید بھوشن جی کی تیار کردہ

آتم کلا

ضرور آزمائش کریں

یہ وہ مجرب دوائی ہے جس کی شہرت اچھا بھلا پھیل چکی ہے اور زمانہ اس کی خوبی کا شاہد ہے۔ جس نے ایک عرصہ سے بڑے بڑے حکیموں اور ڈاکٹروں کو حیرت زدہ کر رکھا ہے۔ خوبی یہ ہے۔ کہ ہر ایک طبیعت کا آدمی ہر ایک موسم میں اس کا استعمال کر کے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ آج تک مندرجہ ذیل امراض کے لئے تیر بہدف ثابت ہو چکی ہے۔

جریان۔ احتلام۔ پیشاب میں شکر کا آنا۔ زیادتی سے آنا۔ سوزاک پیشاب کا قطرہ قطرہ آنا۔ ذیابیطس وغیرہ اور پیشاب کی۔۔ جملہ امراض کے لئے اکسیر اعظم ہے قیمت یک صد گولی تین روپے (۳)

نوٹ:۔ یہ دوائی آنکھوں کی بینائی کو طاقت دیتی ہے دماغی کام کرنے والے مثلاً طالب علم۔ وکیل۔ کلرک۔ ڈاکٹر و دیگر ایسے ہی کاروبار والے آدمی جن کو دماغی کام کرتے ہوئے تھکاوٹ محسوس ہو جاتی ہو۔ طاقت حافظہ کو بڑھانے کے لئے اس کا استعمال نہایت امید بھرے دل سے کر سکتے ہیں

ملنے کا پتہ:- مینیجر سنجیونی اوشدھالیہ موگا ضلع فیروزپور (پنجاب)

سنجیونی اوشدھالیہ موگا کی چند ایک مجرب اور بے بہا ادویات میں سے

پنڈت آتما رام جی ویدبھوشن کی تیار کردہ

آتم منجری!

یہ وہ دوائی ہے۔ جو کہ کچھ عرصہ میں نامرد سے مرد اور مرد سے جوانمرد بنا دیتی ہے۔ استعمال کے تھوڑے دنوں بعد رنگ مثل گل گلاب سرخ ہو جاتا ہے۔ چہرہ کی پس مردگی رفع ہو جاتی ہے۔ خواہ مخواہ کام کرنے کو دل چاہتا ہے۔ جسم میں چستی اور چالاکی آجاتی ہے۔ نامرد تو نامرد عام مرد بھی اس کے ہر روزہ استعمال کرکے زندگانی کا لطف اٹھا سکتے ہیں۔ اے مایوس العلاج مریضوں آؤ۔ اور فائدہ اٹھاؤ۔ تمہاری جملہ امراض اور تمام شکایات چند دنوں میں دور ہو جاوینگی۔ اور تم مردوں میں شمار ہونے لگ جاؤگے ؛

قیمت :۔ صرف یکصد گولی چار روپے

نوٹ

پرچہ ترکیب استعمال ساتھ روانہ کیا جاوے گا ؛

ملنے کا پتہ

منیجر سنجیونی اوشدھالیہ۔ تحصیل موگا۔ ضلع فیروزپور (پنجاب)

پنڈت آتمارام جی ویدراج ویدبھوشن کے سنجیونی اور سُدھا لیپ کے متعلق بہت سے سارٹیفکیٹوں میں سے چند ایک کا اختصار

دو ہیڈ ماسٹر صاحبان کی رائیں (۱) لالہ چیت رام صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی ہیڈ ماسٹر ڈی۔ بی سکول پتّو ہیرا سنگھ سے تحریر فرماتے ہیں چونکہ میں موگا کا باشندہ ہوں۔ اسلئے مجھے ویدراج پنڈت آتمارام جی کی بے خطا ادویات کے استعمال کا موقع ملتا رہتا ہے۔ وہ ایک ہمدرد اور فہیم وید ہیں۔ اور اپنے پیشہ میں ماہر معلوم ہوتے ہیں ان کا تجربہ ویدک علاج میں بہت وسیع ہے ان کو فن طبابت میں خاص دلچسپی ہے۔ میں نے ان کو یورپین کا اور ایلوپیتھی ڈاکٹر صاحبان کا علاج کرتے پایا ان کو خاصکر پرانے اور مایوس مریضوں کے علاج کرنے کا شوق ہے۔ جہانتک مجھے معلوم ہے ان کا چلن اور سلوک بہت عمدہ ہے۔ اور اس قابل ہے کہ ان کو خاندان کا حاذق وید بنایا جاوے (۲) ویدجی مہاراج آپکی تشخیص بے نظیر ہے۔ دوا آپ کی بے خطا۔ اور اخلاق آپ کا بے مثال ہے۔ الراقم محبت خاں ہیڈ ماسٹر سکول فیروز پور شہر

موگا کے دو ساہوکاران کی رائیں (۳) شرمان ویدجی مہاراج آپکو خاصکر پرانی بیماریوں کے علاج اور تشخیص مثلاً آتشک پرمیہہ۔ سنگرہنی۔ راج یکشما (تپ دق) کمزور بچوں کے علاج۔ اور بچوں کے سوکھا کی مرض کی بہت واقفیت ہے
بقلم خود گوپال داس سرنداس سود موگا۔

ایک مال آفیسر کی رائے (۴) جناب سردار دھیان سنگھ جی صاحب مال آفیسر تمام لدھیانہ سے مورخہ ۲۱-۹-۲۶ کو تحریر فرماتے ہیں آپکے دست مبارک سے صحت بہت مشہور ہی ہے۔ عمدہ اور اچھی ادویات تیار کرتے ہیں۔ آپکا تجربہ بہت اچھا ہے

اکثر بڑی بڑی بیماریوں کے علاج کئے اور کامیابی حاصل ہوئی۔ ایک ڈاکٹر صاحب کی رائے
(۵) ویدجی مہاراج۔ بڑے ہی متحمل مزاج، عقلمند، تشخیص کنندہ۔ اور محنت کش ہیں خاص کر
انہیں مرض کی تشخیص میں بڑی مہارت ہے۔ بقلم خود گوردت سنگھ اسسٹنٹ سرجن [illegible]
ایک پولیس سب انسپکٹر کی رائے۔ (۶) ویدجی مہاراج۔ آپکو ویدک طبابت میں خاص
مہارت ہے۔ آپ مریضوں کا علاج معالجہ خاص تندہی اور توجہ سے فرماتے ہیں۔ مجھے
اپنی علالت اور اہل وعیال کی علالت میں آپ سے واسطہ پڑا۔ آپ نہایت ہی خلیق آدمی
ہیں اور دلچسپی سے علاج کرتے ہیں۔ بقلم خود۔ عبدالواحد سب انسپکٹر پولیس تھانہ مدوٹ ضلع فیروزپور
(۷) آپکی قابلیت سے متاثر ہوکر محکمہ تعلیم کے افسر نے آپکے ذمہ کئی ایک سکولوں کے
طلباء کی صحت کا خیال رکھنا اور مفید ہدایات دیتے رہنے کا کام سونپا۔ چنانچہ
مورخہ [illegible] کو جناب ڈسٹرکٹ انسپکٹر صاحب مدارس ضلع فیروزپور نے آرڈر
نمبری ۱۰۳۵ یوں تحریر کیا۔ آپ آج سے گھل خورد۔ فیروز شہر۔ سلطان خانوالہ
وناکھیڑہ۔ وغیرہ گاؤں کے سکولوں کے معالج مقرر کئے جاتے ہیں عمل درآمد شروع کردیں
بذریعہ ہیڈ ماسٹر سکول گھل خورد۔ چنانچہ تب سے آپنے نہایت تندہی سے
سکولوں کے طلباء کی صحت کا خیال رکھا۔ اور آپ وقتاً فوقتاً سکولوں میں جاکر
حفظ صحت کے متعلق لڑکوں کو ہدایات کرتے رہے چنانچہ جب کبھی ڈسٹرکٹ انسپکٹر
صاحبان معائنہ پر آیا کرتے تھے۔ خوب خوش ہوا کرتے تھے۔ ان میں سے ایک
کی رائے یہاں درج کی جاتی ہے میں پنڈت آتما رام جی وید کو بخوبی
جانتا ہوں۔ آپ اپنے پیشہ میں خاص طور پر ماہر ہیں ان کی زیر نگرانی سکول کے طلباء
کی صحت بہت اچھی ہے۔ میں بڑا خوش ہوں

خط وکتابت کا پتہ:-

مینیجر سنجیونی اوشدھالیہ۔ موگا ضلع فیروزپور (پنجاب)

(۱۰وم)

خوشخبری! خوشخبری! خوشخبری!

کپڑے کی مشین کے خریداروں۔ مشین کے پرزوں کے طالبوں ریل۔ دھاگا۔ فیتہ۔ بٹن وغیرہ کے متلاشیوں مشین کے تیل کے خواہشمندوں کو چاہیئے۔ کہ اگر مذکورہ بالا اشیاء کی ضرورت ہو۔ تو مہربانی کر کے ہماری فرم سے نرخ ضرور طلب فرمائیں کیونکہ ہم نے مندرجہ ذیل طریق سے اپنا کام جاری کیا ہوا ہے:۔

(۱) سب سے مضبوط اور فیشن ایبل سکہ لیف اور پری کی مشینوں کی ایجنسی ہم نے سیدھی لی ہوئی ہے۔

(۲) دھاگا ہر قسم۔ بٹن ہر قسم۔ فیتہ ہر قسم کا مال ہم دساور سے تھوک منگواتے ہیں۔

(۳) مشینوں کو صاف کرنے کے لئے نہایت مفید اور سستے تیل کا انتظام کیا ہوا ہے۔

(۴) مشینوں کے پرزوں کے متعلق ہم کہ سکتے ہیں کہ شائد ہی ہم سے کوئی سستا دیتا ہو۔

نوٹ ۱: ہر قسم کی سلائی کٹائی کا انتظام نہایت عمدہ کیا جاتا ہے نرخ واجبی ہیں۔

نوٹ ۲: کسی قسم کا مال جو دساور کے بیوپاری موگا میں لگانا چاہیں۔ وہ بھی نمونہ واجبی نرخ اور کمیشن کا فیصلہ ہماری فرم سے کریں:

لالہ دوارکا کستوری لال کمیشن ایجنٹ موگا منڈی ضلع فیروزپور

عاملان افیون کیلئے خوشخبری

رفاہ عام میں سب کا بھلا ہے ؎ بھلا کر ہو بھلا اپنی صدا ہے

خدانخواستہ خوش قسمتی سمجھکر (اصل بدقسمتی) جو لوگ خواہ کسی وجہ سے افیم کھانیکے عادی ہو گئے ہوں اور اب انہوں نے چند سال کے کافی تجربہ سے یہ محسوس کر لیا ہے کہ اس غارتگر کے استعمال سے ہمارا جسمانی روحانی اور مالی بہت نقصان ہوا ہے اور آیندہ بھی جبتک ہم اسکے پنجے میں گرفتار رہینگے سراسر نقصان ہی ہوگا۔ اس احساس کے بعد اگر وہ اس بلائے خود اختیار کردہ کا پیچھا چھڑانا چاہتے ہیں تو ہم زیادہ تر ان کے فائدہ کو مدنظر رکھکر ان سے یہ سفارش کرتے ہیں کہ وہ ہماری "حب عافیت" یعنی افیون چھڑانیوالی گولیاں حسب ہدایت استعمال کریں کہ جنکو ہم نے صدہا افونیوں کی افیون چھڑانے میں تجربہ کرکے ازحد مفید پایا ہے ان گولیوں کی مدد سے خواہ وہ کتنی ہی زیادہ افیم کھاتے ہوں سب یکلخت چھٹکر انکو چند روز میں افیم سے نفرت ہو جاتی اور طرفہ یہ کہ ان گولیوں کی مدد سے افیون چھوڑنے میں افیمی کو کسی قسم کی کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔ بلکہ افیون چھوڑ کر ان کے استعمال سے پاخانہ بافراغت آجاتا ہے۔ بھوک خوب لگتی ہے۔ قوت ہاضمہ بڑھ جاتی ہے۔ طبیعت میں ایک قسم کی نشاط رہتی ہے زہر افیون جو جسمانی رگ و ریشہ میں سمایا ہوتا ہے وہ رفتہ رفتہ معدوم ہو جاتا ہے اس کے بعد انکا کمزور سست و لاغر جسم قلیل عرصہ میں خوب مضبوط و توانا ہو کر دنیاوی زندگی سے حظ اٹھانیکے قابل بنجاتا ہے باوجود ان کثیر التعداد فوائد کے قیمت بغرض رفاہ عام معمولی لیجاتی ہے یعنی۔ ہم گولی قیمت عمہ اور ۸۵ گولی عہ علاوہ محصولڈاک وغیرہ پرچہ ترکیب استعمال مفصل ہمراہ دوائی ملتا ہے

نوٹ :۔ ایکروپیہ ماہوار کے عملی کے لیئے دو روپیہ کی گولیاں کافی ہو سکتی ہیں

پتہ مفصل اور خوشخط ہو ورنہ عدم تعمیل کی شکایت معاف ؎

المشتہر :۔ حکیم محمد عمر موگا۔ ضلع فیروزپور (پنجاب)

اشتہار

اگرچہ موگہ اور موگہ کے گردونواح کے لوگوں پر یہ امر واضح ہو چکا ہے کہ ہماری دوکان موسومہ **غریب مسافر** صرف تھوڑے عرصہ سے ہی موگا میں سونا۔ چاندی کے گھڑنے کا کام کر رہی ہے مگر واہگورو کی مہربانی سے اس تھوڑے عرصہ میں ہی غیر معمولی کامیابی ہوئی ہے۔ جس کے وجوہات یہ ہیں:۔

(۱) یہاں پر سونے چاندی کا کام انگریزی نمونہ پر اپنی حسب لیاقت کیا جاتا ہے اس سے فیشن کے شوقینوں کو اب لاہور۔ امرتسر جانے کی تکلیف اور راہ میں پیش آنیوالی مشکلات جاتی رہیں (۲) دیسی فیشن کا کام بھی غیر معمولی کیا جاتا ہے (۳) کام نہایت دیانتداری اور ایمانداری سے کیا جاتا ہے (۴) گاہکوں کو اپنے ذمہ داری پر اصل مال ہی واپس دیا جاتا ہے۔ جس کی تصدیق بازار سے ہو سکتی ہے (۵) اگر کوئی صاحب ہماری دوکان کے بنے ہوئے زیور شکستہ طور سے یا اپنی ضرورت سے واپس کرنا چاہے۔ تو سونے چاندی کو فی تولہ فی ماشہ ٹانکے کی کاٹ کاٹ کر سونا سودھکر خالص کر دیا جاتا ہے بغیر ٹانکے کا مال اسی وقت تول کر پورا کر کے پرکھ دیا جاتا ہے زیورات کی بنوائی کا نرخ واجبی ہے تاکہ ہر ایک بھائی فائدہ اٹھا سکے۔

نوٹ:۔ جو صاحب سونا۔ چاندی کو ایک بار خرید لینگے انکو روپیہ واپس نہیں دیا جائیگا جب ضرورت حاضر کر دیا جائیگا

مالکان بھائی بلونت سنگھ بھائی جناردھن سنگھ میڈ راجپوت پیشہ زرگران موگا

मोगा के दो बड़े मिस्त्री

Sardar Prem Singh ji Iron Rahat Merchant Moga.

सर्दार प्रेम सिंह जी हल्ट फरोश मोगा।



Sardar Partap Singh ji Iron Rahat Merchant Moga.

सर्दार प्रताप सिंह जी हल्ट फरोश मोगा



No Disappointment No Suicide

As long as there is

MANGAL AUSHDHALYA MOGA

All kinds of male, Female, Chronic, Private, etc., diseaces successfully treated on Aurvedic lines by **Pt. Sant Ram Vad Rattana, Vaid-bhushan's** the famous and successful Physian of the Punjab. Thousands unsolicited certificates. Advices free. Correspond with.

R. P. SHASTARI MANAGER.
MANGAL AUSHDHALYA
MOGA.

موگا کا مشہور و معروف موتیوں کا سفید و منوہر سرمہ سیاہ

طیار کردہ لالہ نند لال بلونت رائے کارخانہ منوہر سرمہ موگا

اس کا اشتہار کسی اخبار میں نہیں چھپا مگر یہ اپنی اوصاف کیوجہ سے ہندوستان میں نہیں بلکہ امریکہ افریقہ۔ عرب۔ ایران۔ چین تک مشہور ہو چکا ہے ہندوستان کے ہر ایک گوشہ کراچی۔ بمبئی۔ کلکتہ۔ گجرات۔ بہار۔ صوبہ سرحدی (یو۔ پی) بنگال۔ آسام برہما میں جاتا ہے۔

ڈاکٹر۔ وید حکیم اپنے مریضوں پر استعمال کرتے بلکہ اس سرمہ کی مشہوری فوائد اور بکری کو دیکھکر دھوکہ باز لوگ ریلوں میں بہت طبی۔ جوڑی نفر بر کرکے لوگوں کو موگا کا نام لیکر شیشوں پر کورا رنگدار کاغذ لگا کر بلا کسی کارخانہ کا نام لکھی فروخت کرتے ہیں اسلئے عام لوگوں کی اطلاع کیلئے لکھا جاتا ہے کہ ہمارا کوئی ایجنٹ ریلوں میں سرمہ فروخت نہیں کرتا اگر ضرورت ہو تو بذریعہ وی۔ پی منگوا سکتے ہیں ہمارے سرمہ کی شیشی پر لیبل ہمارے نام و پتہ کا لگا ہوتا ہے مختلف ممالک دعزز شرفا کے ہزارہا سرٹیفکیٹ موجود ہیں جو کہ کارخانہ میں دیکھے جا سکتے ہیں

(۱) موتیوں کا سفید سرمہ ککروں اور ککروں سے پیدا شدہ امراض کیلئے اکسیر ہے۔ ۲ ماشہ کی شیشی قیمت ایک روپیہ جو ایک سال کیلئے کافی ہے۔

(۲) منوہر سرمہ سیاہ۔ ضعف چشم شروع موتیا بانی جانا دھند۔ خارش اور پھولا وغیرہ کو (اگر آنکھ کی بناوٹ میں فرق نہ آگیا ہو) تو اکماہ کے استعمال سے دور کردیتا ہے اس کے روزانہ استعمال سے آنکھ کل امراض سے محفوظ رہتی ہے بلکہ عینک کی عادت چھوٹ جاتی ہے درد چشم کی دوائی تین۔ چار مریضو نکے لئے اور کا ٹکٹ ڈاک محصول بھیجکر مفت منگوائیں زیادہ منگوانے پر رعایتی قیمت مرتودہ جو کہ اصل لاگت سے

بھی کم ہے سو آدمی کیلئے کافی ہے شرح ریع درد چشم میں استعمال کرنیسے فوراً آرام آتا ہے

(۴) نسوار برائے اول سے درد پڑ پڑی و درد سر نزلہ کیلئے اکسیر ہے ۲ ڈرام کی شیشی ۴ر

(۵) دانتوں کا منجن جو کہ دانتوں اور منہ کے کل امراض کیلئے مفید ہے ۲ ڈرام کی شیشی ۸ر

(۶) داد کی دوائی جو کہ پرانی سے پرانی درد کیلئے مفید ہے ۲ ڈرام کی شیشی ۸ر

چند صاحبان کے نام جو سو سو شیشی سے زائد خرید چکے ہیں

بابو نظام الدین میونسپل اوورسیر قصور ضلع لاہور

ایس ٹی شکل سٹور کیپر آرا بی ایس آفس مع بابو پی

لالہ پیارے لال و بابو راجی لال وکیل مظفر نگر یو-پی

پنڈت جیون لال نائب سٹیشن ماسٹر بہادر پور ضلع گوجرانوالہ

لالہ اودھی رام ہیڈ ماسٹر شاہ دھول سبندھی گلاں ضلع سنگلو

پنڈت پرمانند شرما رسپال ہادہ کے ڈاکخانہ خاص ضلع امرتسر

حاجی رحیم داد خاں جمعدار صحبت پور ضلع سبی بلوچستان

نہال سنگھ زمیندار لہرہ محبت ضلع فیروزپور

منگل سنگھ لاگر پنڈ بلد کے ضلع لاہور

لالہ کبول رام ہوشیار سنگھ باغپت ضلع میرٹھ

لالہ بابا داس داروغہ منڈی جھنگ

لالہ نتھو رام ولد سوبھا رام بھٹنڈہ جنکشن

لالہ چتر سین معرفت مکیش لال نیادر ل نیا بانس دہلی

لالہ ہرنام داس سنز ریلوے سٹیشن کندیاں

چند سرٹیفکیٹ

بابو نظام الدین میونسپل اوورسیر قصور۔ ہم نے اس سرمہ جیسی آنکھوں کو فائدہ دینے والی دوائی دنیا بھر میں نہیں دیکھی اس کارخانہ سے ۲۰۰ روپیہ کا سرمہ منگوایا ہے ؛

پنڈت پرمانند شرما رسپال ہادہ کے تحریر فرماتے ہیں کہ موتیو کے سفید سرمہ سے میری آنکھیں دکھنے سے صحتیاب ہو گئی ہیں جو کہ ہمیشہ دکھا کرتی تھیں ۱۹۱۴ء سے ہر سال ششماہی میں دو تین درجن سرمہ منگوا کر مفت غریبوں اور امیر دن کو تقسیم کیا جاتا ہے

لالہ دینا ناتھ جمعدار لیڈ لارڈ ٹھیراز بلڈنگ نیا درا سے تحریر کرتے ہیں۔ بندہ نے معرفت رائے بہادر ڈاکٹر متھرا داس جی ایک شیشی منگوائی جسکے استعمال سے آنکھوں کو فائدہ ہوا۔ براہ نوازش ۲ عدد شیشی موتیوں کا سفید سرمہ روانہ فرماویں ؛

المشتہر۔ نند لال بلونت رائے - کارخانہ منوہر سرمہ موگا پنجاب

بہار سوڈا واٹر آئس فیکٹری موگا (پنجاب)

مہاجان! جب آپ موگہ میں قدم رنجہ فرماویں۔ تو ہماری دوکان کا بھی ملاحظہ فرماویں۔ ہم نے اپنے فن میں موگا کو لاہور۔ امرتسر سے پیچھے نہیں رہنے دیا ہمارا مال نسبتاً بہت عمدہ ہوتا ہے۔ نرخ بہت ہی کم رکھے گئے ہیں۔ دوکان کی آسائش پر سینکڑوں روپے لگا دیئے ہیں۔ فرنیچر۔ روشنی نہایت کافی ہے۔ لوگوں کے پڑھنے کے لئے اپ ٹو ڈیٹ اخبارات کا بھی ہم نے انتظام کر رکھا ہے ہم اپنی دوکان پر ہمیشہ تر و تازہ اور بہترین کافی سٹاک رکھتے ہیں۔ ایک دفعہ آزمائش ضرور بضرور فرمائیں

ہمارے کارخانے کے شربت اور پانیوں کے نام یہ ہیں

شربت

(۱) شفا (۲) کیوڑہ
(۳) گلاب (۴) صندل
(۵) دل بہار (۶) خس
(۷) سنگترہ (۸) بادام
(۹) کیلہ (۱۰) ام فصلہ

پانی

(۱) سوڈا واٹر (۲) لیمونیڈ
(۳) روز (۴) لیم جوس
(۵) رسبھری (۶) خس
(۷) کیلہ (۸) مینگو
(۹) امریکن ملک (۱۰) کریم سوڈا

(نوٹ) ہم کو ایک بڑا انجن۔ کچھ مشینیں۔ ایک سو گرس بوتلوں کی اشد ضرورت ہے۔ کوئی سوداگر یا ایجنٹ جلد ہم سے خط و کتابت کریں

المشتہر

درگا داس بہاری لال پروپرائٹر بہار سوڈا واٹر آئس فیکٹری

موگا (پنجاب)

جو شخص اللہ کی دی ہوئی نعمتوں کی پرواہ نہیں کرتے وہ ان سے محروم کر دیئے جاتے ہیں
آنکھوں والو! آنکھوں کی قدر کرو۔ کیونکہ آنکھیں جان سے زیادہ دکھ ہے۔

آنکھوں کو بالکل خراب کرا کے علاج شروع کرنا عجیب ہے؟

سوال ؟ یا ان میں ذرا سی خرابی آتے ہی اس کی روک تھام کرنا۔ اگر لوگ
ذرا سی آنکھ دکھنے پر رنگدار چشمے لگاویں اور ذرا سی نظر کمزور ہو جانے پر عینک کا
استعمال شروع کر دیں تو دنیا میں اندھوں کی تعداد نصف رہ جائے۔

ہماری عینکیں!

سستی اس لئے ہیں کہ ہم تمام مال ڈائرکٹ امپورٹ کرتے ہیں اور اس
لئے لاہور، امرتسر سے ارزاں دے سکتے ہیں۔ ان کے عمدہ ہونے
کا صرف یہی ثبوت کافی ہے۔ کہ وہ موگے میں فروخت ہوتی ہیں۔ جہاں
پر آنکھوں کا عظیم الشان اور نامور ہسپتال ہے بڑا بھاری سٹاک
ہر قسم کی ہر نمبر کی ہر رنگ کی شیشے اور پتھر کی عینکوں کا برائے فروخت
ہر وقت موجود ہے۔ اور امولٹ۔ گاگل سنہری روپہلی فریم ہر ایک فیشن
کے مل سکتے ہیں۔

نوٹ ۱ ہماری فرم کا ہسپتال سے دو منٹ کا پیدل راستہ ہے
نوٹ ۲ لارنس اینڈ میو کمپنی کی ہفتہ کی اور ہر ایک رنگ کی عینکیں ہر جگہ
سے سستی فروخت کی جاتی ہیں سٹاک ہر وقت موجود رہتا ہے۔ اور موتیا بند
کی عینکیں نہایت عمدہ اور سستی مل سکتی ہیں۔

اطلاع عام

میں دس۔ بارہ سال سے ہر ایک بیماری کا علاج آیوروید طریق سے کرتا ہوں اور چرک سشرت جو آیوروید کے پرانے گرنتھ ہیں ان پر میرا اعتقاد ہے گٹھیا، بواسیر۔ سنگرہنی پانڈو (جریان) پرمیہ۔ تلی۔ پاگل پن رکت پت۔ تپ دق۔ وغیرہ خطرناک روگوں پر بہت سارے یوگ (نسخے) جو کہ تجربہ میں آ چکے ہیں۔ میرے پاس ہیں۔ سونا وغیرہ دھاتو آپ ہاتو کی بھسم وِدھی چندر ادوے آدی اس کو میں نے اپنے ہاتھوں سے تیار کیا ہے اور ہر ایک آیوروید کے گرنتھوں کے پڑھنے سے قابلیت حاصل کی ہے۔ اور میرے پاس بہت سارے طالب علم تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ طالب علموں کو نا ممکن چندر ادوے آدی رس بنانا آسان طریقہ پر بتلاتا ہوں جو طالب علم سیکھنا چاہیں سیکھ سکتے ہیں۔ جو بیمار علاج کروانا چاہیں۔ وہ مجھ سے ملیں یا بذریعہ خط و کتابت علاج شروع کریں۔

نویدک

رمنک رام شرما وید سماودھ بھائی تحصیل موگا

ضلع فیروزپور (پنجاب)

آڑہت کی معتبر اور مشہور

دوکان

لالہ گنگا بشن اوگر سین ساہوکار

کمیشن ایجنٹ - موگا منڈی - (پنجاب)

این - ڈبلیو - آر

L. GANGA BISHAN UGGAR SEN.

GOMMISIN ACENTS

MOGA MANDI (PUNJAB)

N. W. R.

تمہید

معزز ناظرین! منگل اوشدھالیہ (موگا) کو اپنی ادویات کی سریع الاثری، ارزاں فروشی اور کاروباری خوش اسلوبی کی وجہ سے بھارت ورش کے طول و عرض میں خاص شہرت حاصل ہے۔ جس ہندوستانی کو بھی اپنے دیش کی آیورویدک دواؤں سے پریم ہے وہ منگل اوشدھالیہ کے نام سے ضرور واقف ہوگا۔ ان ادویات کو کس طرح استعمال کرنا چاہئیے۔ یہ بات بھی ہمارے ہزارہا مستقل گاہک بخوبی جانتے ہیں۔ ہم یہ پمفلٹ اپنے بننے والے نئے گاہکوں کے لئے لکھ رہے ہیں۔ آجکل کے لڑکوں اور لڑکیوں سے کل کو ہماری قوم بنے گی۔ ان میں سے ہر ایک کو اپنے اپنے خاندان کی ذمہ داریاں اُٹھانی پڑیں گی۔ ایسے عزیزوں اور دیگر بھدر پرشوں سے جن کو ہماری ادویات سے فائدہ اُٹھانے کا آجتک موقعہ نہیں ملا۔ ہم پرارتھنا کرتے ہیں۔ کہ وہ اس پمفلٹ کا بغور مطالعہ فرمائیں۔ آپ کو معلوم ہو جائیگا۔ کہ اس اوشدھالیہ کا بانی کوئی معمولی وید نہیں ہے۔ اور منگل اوشدھالیہ محض دوا فروشی کی دوکان نہیں ہے۔ اسے اپنی پرانی تہذیب کو پُنر جیوت کرنے کے لئے جاری کیا گیا تھا۔ اور ضرورت مند اصحاب کی امداد کے لئے جاری ہے۔ اس اوشدھالیہ کی بیشمار ادویات دور دور تک ہر گھر میں پھیلی ہوئی ہیں۔ اس پمفلٹ سے معلوم ہو جائیگا۔ کہ کس روگ میں ان کو کس طرح استعمال کرنا ہے۔ یہ آپ کے فائیدہ کے لئے ہے۔ اسے سنبھال کر رکھیں!

منیجر

منگل اوشدھالیہ موگا۔ ضلع فیروزپور (پنجاب)

منگل اوشدھالیہ کے بانی کا جیون

جس طرح ایک اچھی تصویر کو دیکھکر اسکے مصور کا پتہ دریافت کرنے کی خواہش پیدا ہوتی ہے اور ایک عالیشان عمارت کو دیکھکر اسکے مالک کے درشن کرنے کی خواہش پیدا ہوتی ہے۔ اسی طرح ہمارے عظیم الشان اوشدھالیہ کی شہرت کو دیکھ کر لوگ اسکے بانی کے حالات جاننا چاہتے ہیں۔ ہم ذیل میں نہایت اختصار کے ساتھ اس خواہش کو پورا کرنے کی کوشش کرتے ہیں:۔

جنم

اس اوشدھالیہ کے سنتھاپک شریان پنڈت سنت رام جی وید رتن اور وید بھوشن ہیں آپ ضلع فیروزپور میں ۱۸۸۰ء میں پیدا ہوئے۔ آپ کا جنم ایک ایسے سارسوت براہمن خاندان میں ہوا جو پرم پوتر۔ وید ویدانگ کے جاننے اور دھرموں کا عامل تھا۔ اُن دنوں براہمن اگرچہ سنسکرت گرنتھوں کو پڑھا کرتے تھے۔ لیکن پڑھنے اور پڑھانے والے صرف چند چھوٹی چھوٹی سنسکرت کی کتب پڑھ لینا ہی کافی سمجھتے تھے۔ لیکن پنڈت جی کے ماتا پتا نے باوجود سخت تکالیف کے بھی ان کے ودیا ابھیاس میں کوئی رکاوٹ نہ ڈالی۔

ودیا ابھیاس یہ شروع سے ہی روشن دماغ تھے۔ سستی اور کاہلی پاس تک نہ پھٹکتی تھی۔ چنانچہ انہوں نے مختلف مقامات پر جاکر پندرہ سال تک محنت اور شوق سے مطالعہ کیا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ آپ وید اور براہمن گرنتھوں کے باعمل جاننے والے۔ درشنوں کے پورے پنڈت

ویاکرن چھند۔ جیوتش کے ماہر اور آیورویدک کے کامل حکیم بن گئے۔ جن گوروں کی بدولت انہوں نے ودیا حاصل کر کے ایسا غیر معمولی نام پیدا کیا ہے۔ ان کے اسمائے گرامی درج کرنا بھی ضروری معلوم ہوتا ہے۔ پنڈت جی نے موگا۔ کوٹ عیسےٰ خان۔ دھرم کوٹ۔ جگراؤں۔ بھٹنڈا۔ امرتسر وغیرہ چنانچہ ان جگہوں میں ودیا ابھیاس کرتے کرتے آپ سناتن دھرم کے دھارمک گرنتھوں۔ جیوتش۔ کاویہ۔ کوش اور درشنوں کے کافی پنڈت ہو گئے۔ اس کے بعد انہوں نے آریہ کل بھوشن۔ دھرم ویر۔ سورگ باشی۔ پنڈت جگت سنگھ جی مہاراج مہا اپدیشک آریہ پرادیشک پرتی ندھی سبھا پنجاب۔ سندھ۔ بلوچستان سے آریہ دھرم میں دیکشا لی۔ بعد ازاں ویدوں اور آرش گرنتھوں کے لاثانی پنڈت سرگباشی شریمان پنڈت بھگت رام جی شاستری ویدتیرتھ پرنسپل اُپدیشک ڈیپارٹمنٹ ڈی۔ اے۔ وی۔ کالج لاہور سے آرش اور آریہ سماجک گرنتھوں کا مطالعہ کیا۔

ویدک دھرم پرچار

اس کے بعد آپ عرصہ ۲۱ سال تک ویدک دھرم کا پرچار مذکورہ بالا سبھا کی طرف سے اس جوش و محنت اور محبت و عقیدت سے کرتے رہے کہ آریہ سماجی حلقوں میں آپ کی دھاک بندھ گئی۔ کوئی علاقہ ایسا نہیں۔ جہاں آپ کی قابلیت اور عالمانہ تقریروں کی بدولت ویدک دھرم کے سدھانتوں کی فتح نہ ہوئی ہو۔ سندھ بنگال۔ بلوچستان۔ پنجاب۔ یو پی۔ سی۔ پی۔ پہاڑی علاقے۔ مہاراشٹر غرضیکہ سوائے برہما اور مدراس کے باقی تمام ہندوستان کے کونہ کونہ میں جو آریہ سماج کی مقبولیت نظر آرہی ہے۔ اس کے لئے دیگر ہزاروں دھرماتما مہانو بھاووں کے ساتھ پنڈت سنت رام جی کی کوششیں بھی ذمہ دار ہیں۔

بطور ایڈیٹر اور مصنف اس عرصہ میں آریہ سماج اور دیانند کے لئے آپ نے ہزاروں لیکچر دیئے۔ سینکڑوں مباحثے کئے اور بیسیوں ٹریکٹ لکھے۔ آپ لاہور سے آریہ پربھا کے نام ایک ہفتہ داری اخبار بھی ہندی زبان میں پرتی ندی سبھا کی طرف سے ایڈٹ کرتے رہے ہیں۔ جس کا مقصد صرف دور دراز ملکوں میں ہندی خواندہ لوگوں میں ویدک دھرم کا پرچار کرنا تھا۔

پنڈت جی کے تین شوق شریمان پنڈت جی کو شروع سے تین باتوں کا خاص شوق تھا۔

اول یہ کہ وید بھگوان کا مطالعہ کریں۔

دوم یہ کہ بھارت ورش کے پراچین طریقہ علاج یعنی آیورویدک گرنتھوں کا ابھیاس کریں۔

سویم یہ کہ آریہ بھارت کی تہذیب کو اصل شکل میں دیکھنے کے لئے ریسرچ کریں چنانچہ آپ نے پہلے اور دوسرے مقصد کو حاصل کرنے کیلئے تمام کاروبار کو بالائے طاق رکھ کر کلکتہ میں رہائش اختیار کی۔ کیونکہ ویدوں کا ٹھیک گہرا بھاو بغیر گرو کے سمجھ میں نہیں آسکتا۔ کیونکہ اس وقت بھارت ورش کے گیان اور تہذیب کو نشٹ بھرشٹ کرنے کیلئے اناریہ لوگ اپنی لاعلمی کی وجہ سے ویدوں کے درخشاں سورج کو غلط فہمیوں کے گھنے بادلوں میں ڈھکنے کی کوشش کر رہے تھے۔

ویدرتن کی ڈگری چنانچہ آپ نے برشی مہارشی سوامی دیانند جی کے بعد ویدوں کے سب سے بڑے پنڈت شریمان پنڈت ست برت سما شرمی جی مہاراج کو ویدوں کے لئے اپنا گرو

نوٹ ۱۔ ان کی تصنیف کردہ کتب کی فہرست ویدک پستکالیہ موگا ضلع فیروزپور یا ہر ایک آریہ سماجک کتب فروش سے مل سکتی ہے۔

بنایا۔ جن کی ویدوں کے متعلق واقفیت کو دیکھ کر یورپ کے بڑے بڑے سکالروں کے گور میکسمولر اور گرفتھ وغیرہ کے دلوں میں خاص کشمکش سی پیدا ہو جاتی تھی۔ جن کو کہ وہ لوگ بھی وید مورتی کے نام سے پکارا کرتے تھے۔ چنانچہ انہوں نے شریمان پنڈت سنت رام جی کو ان کے ویدوں کے گیان کو دیکھکر انہیں "ویدرتن" کی ڈگری دی۔

بنگال آیورویدک کا مطالعہ

سنسکرت بھاشا اور آیورویدک علاج کا سب سے زیادہ رواج اس وقت بنگال دیش میں ہے۔ باوجود مغربی تہذیب کے اثر کے بنگالیوں کو اپنے پراچین طریق علاج پر وشواس ہے اور وہاں اس وقت بھی ایسے ماہر وید اور ودوان معالج ہیں۔ جن کے پاس علاج و مشورہ کیلئے یورپ کے بڑے بڑے امیر کبیر مایوس مریض آتے اور فیض پاتے ہیں۔ وہ اپنے قول و فعل سے ثابت کرتے ہیں کہ ایلوپیتھک علاج کے ماہروں کو معمولی سے مرض کے علاج کا وقوف نہیں۔ اور گورنمنٹ کے بڑے سے بڑے افسران سُن کے خاموش ہو رہتے ہیں دم مارنے کی جرأت نہیں کر سکتے۔ چنانچہ بنگال کے پرسدھ ویدوں میں شری یت بابو دوار کا ناتھ جی سین چوٹی کے وید شمار کئے جاتے ہیں۔ پنڈت سنت رام جی طبابت کا کام سیکھنے لئے ان کے پاس کلکتہ گئے۔ بابو دوار کا ناتھ جی سین کے سپتر بابو دیوگیندر ناتھ ایم۔ اے ویدرتن ودیا بھوشن ہیں۔ ان کی قابلیت بھی سین بابو سے کم نہیں۔ پنڈت جی نے ان کو اپنا آیورویدک کا آچاریہ بنایا ان سے جو ودیا گرہن کی۔ اسکا عملی نتیجہ "منگل اوشدھالیہ ہو گا" ہے۔ جن سے ملک

اس اوشدھالیہ میں غریبوں یتیموں اور ودھواؤں کو دوائی مفت دیجاتی ہے۔

کے ہر ایک حصے کے لکھو کھا اشخاص مہلک امراض سے شفا پا چکے ہیں۔ ہزاروں غریب اناتھ و دھوائیں اپنا مفت علاج کرا چکی ہیں۔

دو شہرہ آفاق کتابیں دیگر متعدد چھوٹی چھوٹی لیفلٹوں کے علاوہ پنڈت جی نے دو اعلیٰ درجہ کی کتابیں بھی لکھی ہیں جو بہت مقبول عام ہوئی ہیں۔ ان کے اندر آرین تہذیب کو اعلیٰ روپ میں رکھلانے کیلئے جس قدر محنت اور قابلیت کا ثبوت دیا ہے۔ اسکا اندازہ کچھ وہی لوگ لگا سکتے ہیں۔ جنہوں نے ان کا مطالعہ کیا ہے۔ ان میں سے ایک آریہ ورت کی سب سے پرانی تاریخ رامائین کے متعلق ہے۔ جسکا نام شدھ رامائین ہے۔ دوسری کتاب انہوں نے اپنی جیل یاترا میں لکھی تھی۔ جہاں پر گورنمنٹ نے انہیں ان کی پولیٹیکل سرگرمیوں کی وجہ سے بند کر دیا تھا۔ اسکا نام شدھ مہابھارت ہے۔ یہ کتابیں لاہور کے مشہور پبلشر لالہ لاجپت رائے پرتھوی راج ساہنی سے اور شنکر ودیا پستکالیہ لاہور روڈ لاہور سے مل سکتی ہیں۔

دیش سیوا کا کام جب ہماری راشٹریہ مہا سبھا انڈین نیشنل کانگرس نے عدم تعاون کا پروگرام جاری کیا تو قومی لیڈروں کی آواز کے جواب میں آپ پولیٹیکل میدان میں نکلے۔ اور دو تین سال میں آپ نے تقریباً سارے پنجاب میں عموماً اور اپنے گرد و نواح کے اضلاع میں خصوصاً بڑے جوش و سرگرمی سے کام کیا۔ جسکا سرٹیفکیٹ ملنا لازمی تھا۔ چنانچہ ہماری مہربان سرکار نے انہیں پندرہ مہینے کے لئے سوراج مندر میں بیٹھنے کی آگیا دی۔ جس شدھ مہابھارت کا اوپر ذکر کیا گیا ہے وہ اسی عرصہ میں لکھی گئی تھی۔ آپ کا شمار پنجاب کے نیتاؤں میں ہوتا ہے آپکے اوصاف حمیدہ کو دیکھکر ہندوستان سے سب سے زیادہ چھپنے والے کیلنڈروں میں آپکی تصاویر شایع کیجاتی ہیں۔

منگل اوشدھالیہ

ناظرین! ایسے باعمل اور دھارمک اور سیاسی کارکن ویدوں کے متعلق کوئی شخص یہ شک نہیں کر سکتا کہ اس نے محض تجارتی اصولوں پر ہی کاروبار جاری کیا ہے۔ ہمارا مقصد محض دوا فروشی نہیں بلکہ آیورویدک کو پھر جیوت کرنا اور اپنی جاتی کی سیوا کرنا ہے۔ آپ اپنی ضروریات کے متعلق ہمیشہ ہم سے خط و کتابت کریں۔ شریمان پنڈت ہیم جی مہاراج بذات خود توجہ دیکر آپ کو مشورہ سے مستفید کرینگے۔ ہماری ہر ایک دوا ان کی زیر نگرانی تیار ہوتی ہے۔ جب طلب کرینگے عمدہ اور تازہ ملے گی۔

اوشدھالیہ کے مختصر حالات

یہ اوشدھالیہ بکرمی سمت ۱۹۶۸ مطابق ۱۹۱۱ء کو موگا میں کھولا گیا تھا۔ اوشدھالیہ ریلوے سٹیشن موگا سے صرف دو فرلانگ کے فاصلہ پر جو سڑک تحصیل موگا سے کوٹ کپورہ کو جاتی ہے بڑے ہسپتال کے مشرقی حصہ کے داہنی طرف ہسپتال کے بعد پہلی بلڈنگ میں واقع ہے اسکے کام کو چار بڑے بڑے حصوں میں بانٹا جا سکتا ہے۔ یہ چاروں کام شاید ہی کسی اوشدھالیہ میں ہوتے ہونگے۔

(۱) بیماروں کے امراض کی تشخیص (۲) ادویات کا بنانا (۳) ادویات کا بیچنا (۴) آیورویدک کے پڑھنے والے ودیارتھیوں کو پڑھانا۔

امراض کی تشخیص

اوشدھالیہ کی طرف سے صبح اور شام شری پنڈت سنت رام جی ویدرتن

شری رامائن ہر ایک بک سیلر کے پاس سے مل سکتی ہے جسکا اردو ترجمہ بھی چھپ گیا ہے قیمت ۱۲؍ اسکے پبلشر لالہ چونی لال صاحب کھنہ مالک شرومنی پستکالیہ لاہور روڈ لاہور ہیں۔

وید بھوشن بغیر کسی فیس کے مریضوں کو دیکھتے اور انہیں نیک مشورہ دیتے ہیں۔

نقل سوالات فارم تشخیص مرض منگل اوشدھالیہ موگا ضلع فیروزپور

(۱) اگر اعتراض نہ ہو تو مریض کا نام۔

(۲) مریض مرد ہے یا عورت۔

(۳) عورت ہے تو حاملہ ہے یا نہیں۔

(۴) عمر کتنی ہے۔

(۵) کام کیا کرتا ہے۔

(۶) نیند کا کیا حال ہے۔

(۷) پاخانہ کھل کر آتا ہے یا قبض رہتی ہے۔

(۸) پیشاب کا کیا حال ہے۔

(۹) سرد چیزیں موافق آتی ہیں گرم۔

(۱۰) ہاضمہ کیسا ہے۔

(۱۱) بھوک کیسی ہے۔

(۱۲) مریض کو کیا غذا کھانے کو دی جاتی ہے۔

(۱۳) پیاس کم لگتی ہے یا زیادہ۔

(۱۴) طاقت جسمانی کیسی ہے۔

(۱۵) مرض کی علامات کیا ہیں۔

(۱۶) مرض سے کیا کیا تکلیف ہے۔

(۱۷) مرض کتنے عرصہ سے ہے۔

(۱۸) مرض کیونکر آغاز ہوئی۔

نوٹ - بذریعہ خط و کتابت علاج کرانے والے احباب ایسا فارم پُر کر کے بھیجیں۔

(۱۹) ڈاکٹر اور حکیموں نے مریض کو دیکھا ہے تو مرض کا کیا نام بتلایا ہے۔
(۲۰) مرض کا پہلے کیا کیا علاج کیا ہے۔
(۲۱) اگر کوئی بیماری دورہ کرتی رہی ہو اُسکا مفصل ذکر۔
(۲۲) بیماری اگر کوئی خاندان میں چلی آئی ہو تو اُسکا ذکر۔
(۲۳) اگر تمباکو۔ افیم۔ شراب یا کسی اور نشہ والی چیز کا استعمال ہو تو اسکا ذکر۔
(۲۴) مقام رہائش کی آب و ہوا کیسی ہے۔ اور اسکی مریض پر کیا تاثیر ہوتی ہے۔
(۲۵) اگر کوئی اور قابل اندراج ہو تو اسکا ذکر۔

ادویات کا بنانا

(ا) اس اوشدھالیہ میں ہر ایک آیورویدک دوائی شری پنڈت سنت رام جی ویدرتن وید بھوشن کی زیر نگرانی تیار کی جاتی ہے۔
(ب) کمیاب چیزوں کو کوشش کے ساتھ تلاش کر کے نسخوں کو مکمل کیا جاتا ہے اور آیورویدک کتب کے مطابق نسخے تیار کئے جاتے ہیں۔
(ج) زائل اثر ادویات کا سٹاک پھینک دیا جاتا ہے۔

ادویات کا فروخت کرنا

(۱) کنیا پاٹھ شالاؤں گورو کلوں۔ قومی انسٹیٹیوشنوں۔ اناتھ آلیوں کو ڈاک خرچ آنے پر دوائی کا نمونہ مفت روانہ کیا جاتا ہے۔
(۲) ہندوستان کے قریباً تمام اوشدھالوں کی دوائیوں کی قیمت سے اس اوشدھالیہ میں تقریباً ۱/۲ قیمت کم لی جاتی ہے۔
(۳) بیرونجات میں دوائی بذریعہ وی۔ پی روانہ کیجاتی ہے۔ لیکن ع

کے آڈر سے زیادہ کے لئے عہ روپیہ پیشگی آنا ضروری ہے۔

اوشدھالیہ میں آنے والے غریب مریضوں اور باہر سے ڈاک خرچ بھیجنے والے محتاج مریضوں کو دوائی مفت یا آدھی قیمت پر دیجاتی ہے۔ دوائی حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ اپنی تنگدستی کا ثبوت معتبر شخص کے سرٹیفکیٹ کے ذریعہ سے دیا جائے۔

(۴) مفت دوائی بانٹنے والے بھدر پرشوں یا ایجنٹوں کو دوائی بہت ارزاں نرخ پر دیجاتی ہے۔

(۵) اوشدھالیہ سے باہر گئی ہوئی دوائی واپس نہیں لی جاتی اور نہ ہی بدلی جا سکتی ہے۔

آیورویدک پاٹھ شالا

اس قلیل عرصہ کے اندر یہاں سے کافی تعداد میں ودیارتھی طبابت کا پیشہ سیکھ کر چلے گئے ہیں۔ اور اُن میں سے بہتوں نے دہلی۔ لودھیانہ۔ ڈی۔ اے۔ وی کالج لاہور کے امتحانوں کو پاس کیا ہے۔ اور اس وقت مختلف جگہوں میں اپنے اپنے اوشدھالے کھول لئے ہیں۔ یہاں پر کسی ودیارتھی سے کوئی فیس نہیں لی جاتی ہے۔ بلکہ دھرم ارتھ پڑھایا جاتا ہے۔ جو ودیارتھی آیوروید پڑھنا چاہیں وہ پہلے ہم سے خط وکتابت کریں۔ بھوجن وغیرہ کا پربندھ ان کو اپنی طرف سے کرنا ہوگا۔ چند ایک کے نام جو کہ منگل اوشدھالیہ سے پڑھ کر اپنا کام کر رہے ہیں۔

(۱) پنڈت رام پرتاپ شاستری اجزل منیجر منگل اوشدھالیہ موگا۔

(۲) پنڈت آتمارام جی وید آیوروید بھوشن (لودھیانہ) کوی رتن قلعہ بازار جالندھر۔

(۳) پنڈت بلدیو رام جی ویدرتن (دہلی) چوسانہ ضلع مظفر نگر۔یو۔پی۔
(۴) پنڈت گوبندرام جی ویدور (دہلی) گویراج (ڈی۔اے۔وی کالج لاہور) فاضلکا۔
(۵) پنڈت رام چندر جی آیورویدبھوشن (لودھیانہ) آیورویدویشارد (مہامنڈل) آریہ اپدیشک پرتی ندھی سبھا سندھ۔بلوچستان۔لاہور۔
(۶) پنڈت کرشن دت جی ویدیہ گربان۔سابق سپرنٹنڈنٹ یتیم خانہ آریہ سماج آگرہ۔یو۔پی۔
(۷) پنڈت گنیش دت جی ویاکٹ کوٹ عیسے خاں ضلع فیروزپور۔
(۸) پنڈت رامجی لال جی شرما اسسٹنٹ منیجر منگل اوشدھالیہ موگا۔
(۹) چودھری رنجیت سنگھ شیر گڑھیا (روگ چکتسک) ٹیوٹر زیر سایہ رائے بہادر ڈاکٹر متھرا داس جی موگا۔
(۱۰) چودھری ہری سنگھ جی وید (چیرلی) ڈاکخانہ سانگی ضلع رہتک۔
(۱۱) مہاشہ اودمی رام جی آریہ
(۱۲) مہاشہ آنندرام جی رشی کیش ضلع ڈیرہ دون یوپی۔

منگل وشدھالیہ موگا ضلع فیروزپور پنجاب کی ایجنسی کے قواعد

ہر ایک بڑے شہر میں ایجنٹوں کی ضرورت ہے

(۱) ہر ایک خریدار مبلغ ۵۰ روپے کی نقد دوائی لینے پر ایجنٹ سمجھا جائیگا۔ اگر اُسے ایجنٹ بنا منظور رہو۔
(۲) ایجنٹوں کو اصل قیمت کا ۱/۴ بطور کمیشن دیا جائیگا۔

(۳) چورن - پاک بٹی - گوگل - تیل - گھرت - اولیہ - لوٹائے یا بدلے نہیں جائینگے - اگر غلطی سے پہنچے ہوں تو البتہ ایک ماہ کے اندر بدل دئے جائینگے -
(۴) دھاتو - رسائن (نہ خراب ہونے والی ادویات) بدلی جاسکتی ہیں -
(۵) یک صد روپے سے زیادہ نقد کا مال یکمشت لینے والے کے ساتھ خاص رعایت فی سینکڑہ ہوگی -
(۶) ایجنٹوں کو سالانہ دوائی کی فہرست ایک ماہ پہلے روانہ کرنی چاہیئے
(۷) ایجنٹوں کے رشتہ دار بیماروں کو وید جی بلا فیس دیکھینگے - صرف سفر خرچ اُن کے ذمہ ہوگا -
(۸) ایجنٹوں کو سائن بورڈ - چٹ اور فہرستیں بلا قیمت دیجائینگی -

ایجنٹوں کی مختصر فہرست

(۱) چودھری لہری رام ہری سنگھ جی وید مقام چڑی ڈاک خانہ سانگی ضلع رہتک -
(۲) چودھری شو چند جی آریہ مقام ڈوبلہ ڈک خانہ راجوند ضلع کرنال -
(۳) چودھری رتی رام جی وشنوئی مقام گمجال - ڈاک خانہ ابوہر ضلع فیروزپور -
(۴) لالہ ستیل پرشاد جی مالک شانتی پریس - سہارنپور - یو - پی -
(۵) پنڈت رام دُلارے جی ترپاٹھی مرتضٰے پور - برار
(۶) سردار مکند سنگھ جی وید ڈھڈیکے
(۷) پنڈت رلا رام جی وید دھلے کے -
(۸) پنڈت شو دت رام جی بوبڑ ضلع فیروزپور

(۹) چودھری شوچند جی کھانڈہ۔ کھیڑی۔ ضلع حصار۔
(۱۰) پنڈت ہری کرشن جی وید چوڑ ڈاک خانہ کانگ ضلع حصار۔
(۱۱) چودھری سنگھرام جی اپدیشک آریہ سماج۔ ضلع کرنال۔
(۱۲) لالہ امین لال جی منتری آریہ سماج کھیڑی۔
(۱۳) لالہ بلونت رائے جی جمیل والا حال آباد کوٹ کپورہ ریاست فریدکوٹ
(۱۴) پنڈت ہیرالال جی عطار لوہیاں ضلع جالندھر
(۱۵) پنڈت جیون لال جی مقام پٹہ بلوچ ڈاک خانہ حسن پور۔ ضلع گڑگانواں۔
(۱۶) حکیم بشمبر دیال جی نگم مینیجر چترانشی میڈیکل ہال بیگم گنج کانپور
(۱۷) بابو سرجیو پرشاد جی نگم رائی برادر کمپنی کانپور۔ یو۔ پی۔
(۱۸) چودھری اجیت سنگھ کھترالواں۔ ڈاک خانہ کالیاں والی ضلع حصار۔

ان کے علاوہ اس اوشدھالیہ سے تعلیم یافتہ (ایک درجن) اشخاص سے بھی ہماری ادویات مل سکتی ہیں۔ جن کا کہ ذکر پہلے ہو چکا ہے۔

سرٹیفکیٹ

اس کتاب میں سرٹیفکیٹ درج کرنے سے ہم نے دیدہ دانستہ گریز کیا ہے۔ کیونکہ ایسا نہ کرنے سے یہ ایک ضخیم کتاب بن جاتی۔ جس کو پڑھنے کے لئے سب صاحبان شاید تکلیف گوارا نہ فرماتے۔ اس لئے ہم نے صرف اپنی آزمودہ ادویات کو ہی بمعہ مفصل ترکیب استعمال چھپوا کر پبلک کے سامنے رکھا ہے۔ جس سے ہر ایک آدمی فائدہ مند ہو سکتا ہے۔

دراصل ہم لوگ کسی زبان میں لکھی ہوئی چند سطور کو اتنا اہم خیال نہیں کرتے جتنا کہ ایسے آدمی کو جس کو کہ ہماری ادویات سے فایدہ ہوا ہو اور وہ امراض کے چنگل میں پھنسے ہوئے بندگان خدا کو ڈنکہ کی چوٹ سے بتاتا جائے کہ اے مایوس مریضو! جاؤ!! منگل اوشدھالیہ موگا میں۔ لیلو! تازہ۔ بڑھیا۔ اصلی اور سستی ادویات۔ اور نجات حاصل کرو! ان تمام امرض سے۔

فہرست ادویات

بمعہ

مکمل ترکیب استعمال

بسنت مالتی رس (۱)

قیمت چالیس گولی دس روپیہ ایک گولی ۵ ر۔ یہ رسائین پرانے بخار بھوک کا کم لگنا۔ خشک کھانسی دمہ۔ جسم کی کمزوری ولاغرپن۔ زچہ کی بیماریاں۔ دہاتووں تک کے اثر کئے ہوئے بخار کو خاصکر فایدہ کرتی ہے۔ ترکیب استعمال حسب ذیل ہے۔ کف کی خرابی میں شہد اور

گمھاں کے چورن سے۔ پت جوَن کی خرابی میں گلو یا آملوں کے رس میں مصری ڈالکر۔ کمزوری اور ویرج کی کمی میں مکھن یا ملائی میں مصری ڈال کر۔ عورتوں کے رکت پردر (جو کہ گلابی پانی پیدائیش کی جگہ سے نکلتا رہتا ہے) میں پرانے چاولوں کے دھون سے۔ شویت پردر (سفید رنگ کا پانی پیدائیش کی جگہ سے نکلتا رہتا ہے) آملوں کے پانی کے ساتھ۔ کرا اسک کے کاڑہے کے ساتھ۔ بخار میں سُدرشن چورن کے کاڑہے کے ساتھ۔ تکالیف زچہ میں دش مول کے کاڑہے کے ساتھ یا شونٹھی پاک میں ملاکر کھلائیں۔ بعد ازاں کڑھتے ہوئے دودھ میں نگھاں ڈالکر دودھ پلائیں۔ مقدار خوراک صرف ایک رتی عرصہ استعمال ۲۱ دن سے لیکر ۴۰ دن تک۔

بسنت کمار رس (۲)

قیمت ایک تولہ تیس روپیہ۔
پرانی کھانسی اور بخار میں مکھن مصری اور شہد سے۔
گرمی میں انار کے پانی سے۔
پردر (لیوکوریا) میں چاولوں کے دھون و دبھ کے کاڑہے سے دیا جاتا ہے۔
مقدار خوراک ایک رتی سے ڈیڑھ رتی تک۔ عرصہ استعمال ۴۵ سے لیکر ۶۰ دن تک

رام بان رس (۳)

قیمت ایک سو گولی ایک روپیہ آٹھ آنہ صرف۔

بھوک کم لگتی ہو۔ ادرک کے پانی سے۔
بدہضمی ہو نمکین زیرہ کے پانی سے۔
گرمی ہو۔ املی کے رس یا مصری کے شربت سے۔
پرانے بخار میں مصری اور گلو کے تازہ رس سے استعمال کریں۔
مقدار خوراک ایک سے دو رتی تک۔
عرصہ استعمال ۷ دن سے لیکر ۱۴ دن تک۔

اگنی کمار رس (۲)

قیمت ایک سو گولی ایک روپیہ آٹھ آنہ صرف۔
خاص کر بچوں کی بیماریاں مثلاً کھانسی۔ زکام۔ دمہ میں شہد سے
بھوک کی کمی میں املی و انار کے پانی سے۔
قبض میں گرم دودھ یا عرق سولف سے۔
بخار میں موسم کے مطابق بخار دور کرنے والے کاڑھے سے کھانے سے بہت جلد آرام آجاتا ہے۔
پھوڑے۔ پھنسیاں۔ بچھو اور بھڑ کے کاٹے کی زہر۔ اوزار یا ہتھیار کے زخم پر تھوڑا سا کپور ملا کر پتھر پر گھس کر لگانے سے اُسی وقت فائدہ ہو جاتا ہے۔
دستوں میں چاولوں کے دھوون سے
سنگرہنی میں چھاچھ سے بھی اسکا استعمال نہایت مفید ثابت ہو چکا ہے
مقدار خوراک ایک سے دو گولی تک۔
عرصہ استعمال ۷ سے ۱۴ دن تک۔

منگل اوشدھالیہ موگہ

(زیر نگرانی شریمان پنڈت سنت رام جی ویدرتن ویدبھوشن)

صاحبان! ہم اوشدھالیہ کی فہرست بہ موسوم "انوپان چندر" کا زبان اردو اور ہندی ناظرین کی خدمت اقدس میں یکم اپریل سال رواں کو پیش کر چکے ہیں اس فہرست کے اندر ہم نے سوائے ادویات اور ترکیب استعمال وغیرہ کے کسی صاحب کی کوئی رائے درج نہ کی تھی۔ البتہ سرٹیفیکٹ کا عنوان دیکر ایک نوٹ لکھ دیا تھا جس میں ظاہر کیا تھا کہ سارٹیفکیٹوں کی ایک علیحدہ کتاب جلد ہم ہدیہ ناظرین کریں گے اسی کے مطابق آج ایشور کی کرپا سے ہم وہ کام سرانجام دینے لگے ہیں

شریمان کویراج پنڈت سنت رام جی ویدرتن ویدبھوشن مالک منگل اوشدھالیہ موگہ کی زندگی کے مختصر حالات اور اوشدھالیہ کے کام کا ذکر پہلی کتاب میں بھی درج کیا جا چکا ہے۔ یہاں پر صرف ان کی قابلیت کے متعلق چند ایک معزز صاحبان کی رائیں ہی درج کی جاویں گی۔ (ایڈیٹر)

ہونہار بروا کے ہوت چکنے پات۔ یہ کہاوت ویدجی مہاراج کی زندگی پر پورے طور سے گھٹتی ہے۔ چنانچہ شریمان ویدجی مہاراج نے جب طالب علمی کا زمانہ ختم کیا تھا۔ اور دھرم پرچار میں اپنی توجہ دی تھی اس کے چند سال بعد ہی شریمان ویدجی مہاراج کے متعلق ہندوستان کے نامی ناز اور قابل ہستی کی یہ رائے تھی۔ جو کہ ۲۷ چیت سمت بکرمی ۱۹۶۶ء کے

"آریہ گزٹ" کے خاص کالج نمبر میں صفحہ ۲۶ (ب) پر وہ یوں تحریر فرماتی ہے:-

